اردو

پرچہ—I

(ادب)

کل مارکس : 250	مقررہ وقت : 3 گھنٹے

سوالات سے متعلق خاص ہدایات

(سوالوں کے جواب تحریر کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے)

اس پرچے میں آٹھ سوالات ہیں جو دو حصوں (سیکشن) پر مشتمل ہیں۔

امیدوار کو کل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں۔ باقی سوالات میں سے صرف تین سوالوں کا جواب دینا ہے لیکن ہر سیکشن سے کم از کم ایک سوال کا انتخاب ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جوابات اردو میں ہی مطلوب ہیں۔

سوالات کے جوابات کے لیے الفاظ کی جو تعداد مقرر کی گئی ہے اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ جب تک کوئی جواب یا اس کا حصہ کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو، سوال کا جواب تصور کیا جائے گا گرچہ جواب جزوی طور پر ہی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہو۔ کوئی صفحہ یا صفحہ کا کوئی حصہ اگر چھوڑا جائے تو اس کو کاٹنا ضروری ہے۔

URDU

PAPER—I

(LITERATURE)

Time Allowed : Three Hours	Maximum Marks : 250

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

(Please read each of the following instructions carefully before attempting questions)

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

SECTION—A

10×5=50 **1**۔ حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

(a) زبانوں کے ہند-آریائی خاندان سے کیا مراد ہے؟ اس کے ارتقا پر اظہار خیال کیجئے۔

(b) قدیم اردو پر برج بھاشا کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔ مثالیں دے کر سمجھائیے۔

(c) اردو کے فروغ میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(d) دکنی اردو شمالی اردو سے کس حد تک مختلف ہے؟ اس کے انفرادی علاقائی عوامل کی وضاحت کیجئے۔

(e) ہندی ، اردو اور ہندوستانی کے تصور پر اظہار خیال کیجئے۔

2۔ حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

20 (a) اردو زبان پر پنجابی کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

15 (b) اردو اور ہندی زبان کے تہذیبی رشتے پر ایک مضمون لکھئے۔

15 (c) کھڑی بولی اور شمالی ہند میں اردو کی نشو و نما پر ایک مضمون لکھئے۔

3۔ حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

20 (a) دکن میں اردو کے فروغ کے اسباب کس حد تک شمال سے مختلف ہیں؟

15 (b) 'سب رس' کا تعارف پیش کیجئے۔

15 (c) ولی کو آپ دکن کا شاعر کہیں گے یا شمالی ہند کا؟ دلیلوں سے وضاحت کیجئے۔

4. حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

(a) اردو زبان کے سماجی اور ثقافتی پہلو پر روشنی ڈالیے۔ 20

(b) اردو زبان کے صوتی آہنگ پر ایک مضمون لکھیے۔ 15

(c) اردو زبان و ادب کے انفرادی امتیازات کیا ہیں؟ اپنے تاثرات قلمبند کیجیے۔ 15

SECTION—B

5. حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 10×5=50

(a) اردو مرثیے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔ مثالیں دے کر سمجھائیے۔

(b) اقبال کی نظم '' خضر راہ '' پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

(c) عہدِ حاضر میں قصیدہ کے غیر مقبول ہونے کے اسباب بیان کیجیے۔

(d) سوانح نگاری کا فن اور شبلی نعمانی کی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

(e) ترقی پسند ادبی تحریک کی پہلی کانفرنس (1936) میں پریم چند کے صدارتی خطبے پر تفصیلی بحث کیجیے۔

6. حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

(a) دہلی کے دبستان شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔ 20

(b) ایہام گوئی اور ردِ ایہام گوئی پر ایک مضمون لکھیے۔ 15

(c) '' ترقی پسند ادبی تحریک اور احتشام حسین '' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔ 15

7. حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

(a) تاثراتی تنقید کسے کہتے ہیں؟ اظہار خیال کیجیے۔ 20

(b) مشرقی اصولِ تنقید پر ایک مضمون سپردِ قلم کیجیے۔ 15

(c) جدیدیت ایک تحریک تھی یا ایک رجحان؟ اظہار خیال کیجیے۔ 15

8۔ حسب ذیل عنوانات پر مضامین لکھیے۔ ہر مضمون تقریباً دو سو پچاس (250) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

(a) '' اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے'' پر اپنا تاثر پیش کیجیے۔ 20

(b) '' اکیسویں صدی کا عالمی بحران '' اس موضوع پر مضمون قلمبند کیجیے۔ 15

(c) '' مادری زبان اظہار کی سب سے بڑی قوت ہے'' اس عنوان پر اظہار خیال کیجیے۔ 15

* * *